روایت سے ہٹ کر کوئی بھی پروگرام نہ کریں

تہواروں کے پیش نظر مذہبی رہنماؤں کے ساتھ ضلع مجسٹریٹ اور ایس پی کی میٹنگ

اعظم گڑھ: میٹنگ میں موجود ضلع مجسٹریٹ اور ایس پی.........(تصویر/ایس این بی)

اعظم گڑھ(ایس این بی)

ضلع مجسٹریٹ وشال بھردواج کی صدارت میں کلکٹریٹ میں رام نومی اور آئندہ عید کے پیش نظر امن وامان برقرار رکھنے کے لیے ضلع کے اہم مذہبی رہنماؤں، سبھی اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ، سبھی ایس ڈی ایم اور ای او کے ساتھ میٹنگ منعقد کی گئی۔ اس موقع پر ڈی ایم نے ضلع کے سبھی اہم مذہبی مقامات کی صاف صفائی اور روشنی کے انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

ضلع مجسٹریٹ نے کہا کہ تہوار کا وقت ہونے کی وجہ سے سبھی جگہ سوکش پینے کا پانی کی سپلائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مچھر اور گندے پانی سے پھیلنے والی بیماریوں کو روکنے کے لیے ہینڈ پمپوں کی صفائی، چونا، بلیچنگ پاؤڈر کا چھڑکاؤ وغیرہ کا انتظام یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی ٹھیلے، دکاندار اور وینڈروں کو اچھے اور معیاری غذا فروخت کرنے کے لیے حوصلہ افزائی کی جائے۔ انہوں نے غذا تحفظ افسر کو ہدایت دی کہ مہم چلاکر غذا اشیاء کی دکانوں کا معائنہ کریں اور زیادہ سے زیادہ سیمپلنگ اور ٹیسٹنگ یقینی بنائی جائے۔

ایس پی انوراگ آریہ نے کہا کہ سبھی مذاہب کے لوگ آپس میں مل کر پرامن طریقے سے تہوار منائیں۔ انہوں نے کہا کہ روایت سے ہٹ کر کوئی بھی پروگرام نہ منعقد کیا جائے۔ عام مقامات پر جو بھی پروگرام منعقد کیے جائیں اس کی منظوری ضرور حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ لاؤڈ سپیکر کو مقررہ ڈے سی بل میں ہی بجائیں۔ انہوں نے کہا کہ افواہوں پر توجہ نہ دیں۔ کسی بھی طرح کا خدشہ ہونے پر ڈائل 112 پر اطلاع دیں۔ فوراً مدد مہیا کرائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سماج دشمن عناصر پر سخت کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایت دی کہ سبھی مذہبی مقامات پر پولیس کی تعیناتی یقینی بنائی جائے۔

میٹنگ میں اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ انتظامیہ انل کمار مشرا، چیف ریونیو افسر جے پی سنگھ، اڈیشنل ضلع مجسٹریٹ مالیات آزاد بھگت سنگھ، سبھی ایس ڈی ایم، سی او اور ای او سمیت سبھی مذہبی رہنما اور نمائندے موجود تھے۔

بی جے پی حکومت کا اظہار رائے کی آزادی پر مسلسل حملہ: وشال سنگھ

راہل گاندھی کی پارلیمانی رکنیت ختم کرنے کے خلاف کانگریس کا کینڈل مارچ

جونپور: سبزی منڈی میں بھاجپا حکومت کے خلاف کینڈل مارچ نکالتے کانگریسی۔.........(تصویر/ایس این بی)

جون پور (ایس این بی)

کانگریس کے سابق قومی صدر اور لوک سبھا ممبر پارلیمنٹ راہل گاندھی کی لوک سبھا رکنیت کی منسوخی کے خلاف ضلع کے کانگریسیوں نے شہر صدر وشال سنگھ حکم کی قیادت میں کانگریس شہر دفتر سبزی منڈی سے نگر کوتوالی تک کینڈل مارچ کیا۔ اس دوران بی جے پی حکومت پر جمہوریت کا قتل کرنے کا الزام لگاتے ہوئے نعرے بازی کی۔ اس موقع پر وشال سنگھ نے کہا کہ مرکز کی بی جے پی حکومت جمہوریت میں اظہار رائے کی آزادی پر مسلسل حملہ کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ مودی حکومت پارلیمنٹ میں اپوزیشن کے سوالات سے بچنے کے لیے غیر آئینی قدم اٹھانے سے بھی نہیں ہچکچا رہی ہے۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ مسٹر راہل گاندھی کی لوک سبھا سے معطلی اس کا زندہ ثبوت ہے۔ موجودہ حکومت نے اپوزیشن کو ہر حال میں دبانے کا تہیہ کر رکھا ہے تاکہ عوام کے سوالات سے بچا جا سکے۔ مودی حکومت ملک کے کچھ صنعت کاروں پر سوال اٹھانے سے کیوں گھبرا رہی ہے؟۔ انہوں نے راہل گاندھی کی لوک سبھا رکنیت منسوخ کرنے کے مرکزی حکومت کے فیصلے کی مخالفت کرتے ہوئے اسے آمریت قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اڈانی اور امبانی کے غلام نہیں ہو سکتے، کانگریس کا چھوٹا بچہ بھی اڈانی امبانی کی غلامی قبول نہیں کرے گا۔ جان دے دیں گے لیکن ملک کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑنے نہیں دیں گے۔

اس موقع پر راکیش اپادھیائے، راکیش سنگھ، ستیہ ویر سنگھ، سندیپ سونکر، نثار الٰہی، راجکمار گپتا، اجے سونکر، امت مشرا، ابی وکاس، ببی خان، امان سنہا، امیش شریواستو، فرحان جیلانی، روہت پانڈے، ابھیمنیو تیواری، آبش امام، گورو موریہ، طاہر، ششانک سونکر، علی انصاری، اقبال وغیرہ موجود تھے۔

60 فٹ گہرے کنویں میں گری گائے کو باہر نکالا گیا

اعظم گڑھ(ایس این بی) سٹی ایریا کے جودھی کے پورے محلّہ میں بدھ کے روز ایک گائے 60 فٹ گہرے کنویں میں گر گئی، لوگوں نے کونسلر، فائر سروس کو اطلاع دی جس کے بعد سبھی نے سرگرمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے موقع پر پہنچ کر ریسکیو آپریشن کیا۔ گائے کو 3 گھنٹے کی محنت کے بعد کنویں سے بحفاظت نکال لیا گیا۔ بتاتے ہیں کہ جودھی کے پورے محلے میں کھلا کنواں ہے۔ صبح اچانک ایک گائے اس کھلے کنویں میں گر گئی۔ اس کے بعد فائر سروس کی ٹیم نے پہنچ کر پہلے زہریلی گیس پر قابو پایا اور گائے کو بچانے کے بعد تقریباً 3 گھنٹے بعد گائے کو کنویں سے باہر نکالا گیا، اہل علاقہ نے گائے کو بحفاظت باہر نکالنے پر عملے کی تعریف کی۔

لڑکی سے چھیڑ خانی کرنے والا مطلوبہ ملزم گرفتار

اعظم گڑھ(ایس این بی) ضلع کے میہ نگر تھانے کی پولیس نے چھیڑ چھاڑ کے معالے میں مطلوب ملزم کو گرفتار کیا ہے۔ آپ کو بتا دیں کہ 2 مارچ کو میہ نگر تھانہ علاقے کے ایک گاؤں کے رہنے والے نے مکمی تھانے میں رپورٹ درج کرائی تھی کہ گاؤں کے ایک نوجوان نے اپنے دوستوں کے ساتھ اسکول جاتے ہوئے لڑکی سے زبردستی چھیڑ چھاڑ کی۔ احتجاج کرنے پر جان سے مارنے کی دھمکی دی۔ پولیس نے رپورٹ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ اس دوران میہ نگر پولیس اسٹیشن میں تعینات سب انسپکٹر رام اودھ یادو کو مخبر سے اطلاع ملی کہ چھیڑ چھاڑ کے معالے میں ملزم نوجوان ان کے گھر پر موجود ہے۔

مختلف مساجد میں نماز تراویح میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل



جون پور (ایس این بی)

ضلع میں نماز تراویح میں قرآن پاک کا پہلا دور مکمل ہونے کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ مختلف مساجد میں ختم قرآن پاک کیا گیا اور ملک میں امن و امان کے لیے دعائیں بھی مانگی گئیں۔ سب سے پہلے حافظ محمد آصف نے دریائے گومتی کے کنارے محلہ ہنومان گھاٹ پر واقع مسجد مستجابدوات (لال مسجد) میں تراویح میں قرآن پاک کی تکمیل کی۔ اس کے بعد حافظ انعام الحق نے چھٹی رات شہر کے محلہ رضویہ خان میں واقع شاہی اٹالہ مسجد میں قرآن پاک کی تلاوت کی جس میں تقریباً دو ہزار افراد نے نماز تراویح میں شرکت کی۔ حافظ انعام الحق نے بتایا کہ رمضان المبارک کی اہمیت اس لیے بڑھ جاتی ہے کہ اس مہینے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید نازل کیا ہے۔ اور روزے کے ساتھ ساتھ غریبوں کی مدد کرتے رہنا ہے۔ مرکزی سیرت کمیٹی کے صدر حفیظ شاہ نے انتظامیہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ رمضان المبارک سے قبل ضلع انتظامیہ کو میمورنڈم کے ذریعے صفائی سمیت دیگر انتظامات سے آگاہ کیا گیا تھا جس کا نوٹس لیتے ہوئے اس بار مساجد کے اطراف صفائی اور چونا چھڑکنے کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس موقع پر انوار الحق گڈو، فاضل صدیقی، الماس احمد صدیقی، عظمت علی، کمال الدین انصاری، فیروز احمد پپو، سرفراز انصاری، محمد احمد خان، عاقب احمد، اکرم منصوری، اویس احمد، حاجی وسیم، معراج احمد، محمد احمد، جمشید احمد، چاند بابو سمیت کثیر تعداد میں لوگ موجود تھے۔

فریب دہی کرنے والے دو شاطر چور گرفتار

جون پور (ایس این بی) کھیتا سرائے تھانہ حلقہ کے کھٹن روڈ واقع باراکلاں موڑ سے پولیس اے ٹی ایم کارڈ بدل کر فریب دہی کرنے والے دو شاطر چوروں کو گرفتار کرنے میں کامیابی حاصل کیا ہے۔ پولیس نے ان کے پاس سے اے ٹی ایم کارڈ، پیڈ، موبائل فون اور طمنچہ برآمد کرتے ہوئے کارروائی میں مصروف ہوگئی ہے۔ تھانہ انچارج بجویند سنگھ نے بتایا کہ پولیس سپرنٹنڈنٹ کی ہدایت پر چل رہی مہم کے تحت پولیس ٹیم قصبہ میں گشت کر رہی تھی کہ اسی دوران مخبر سے اطلاع ملی کہ شاطر چوروں کا گروہ جوا اے ٹی ایم بدل کر فریب دہی سے پیسہ نکالنے میں مصروف ہیں، مذکورہ مقام پر موجود ہیں۔ اطلاع ملتے ہی سرگرم ہوئی پولیس ٹیم نے موقع کا محاصرہ کرتے ہوئے دونوں کو گرفتار کر لیا۔ تلاشی کے دوران پولیس نے ان کے پاس سے 7 عدد مختلف بینکوں کے اے ٹی ایم کارڈ، ایک پیڈ، دو عدد موبائل اور دو طمنچہ و کارتوس برآمد کیا۔ پکڑے گئے ملزمان نے اپنا نام دھرمیندر گوتم ولد شیو رتن گوتم ساکن موضع ارگو پور کلاں تھانہ شاہ گنج اور رام نریش ورما ولد گدر ورما ساکن مسر پور جلالپور تھانہ اکھنڈ نگر ضلع امبیڈکر نگر بتایا۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزمان پر مختلف تھانوں میں فریب دہی کے درجنوں مقدمے درج ہیں۔ پولیس نے دونوں کا چالان عدالت بھیج دیا ہے۔

ہائی ٹنشن لائن کی زد میں آنے سے نوجوان کی موت

جون پور (ایس این بی) منگرا بادشاہ پور تھانہ حلقہ کے ہمت پور گاؤں میں بھگوا پرچم لہرانے کیلئے بانس لیکر جارہی نوجوان کی ہائی ٹنشن کی زد میں آنے سے جھلس کر موت ہونے سے کہرام مچ گیا۔ اطلاع کے مطابق مذکورہ گاؤں کا رہنے والا اسشیل مشرا42 ولد کشما ناتھ مشرا بدھ کی صبح رام نومی کے موقع پر بھگوا پرچم لہرانے کیلئے کھیت سے بانس کاٹ کر لے جارہا تھا۔ بتاتے ہیں کہ راستہ میں نیچے سے گزر رہے ہائی ٹنشن تار سے بانس چھو گیا اور تیز آواز کے ساتھ بانس سے کرنٹ نوجوان کو اپنی زد میں لے لیا کے سبب میں جائے وقوعہ پر ہی جھلس کر اس کی موت ہوگئی

مالٹاری ڈگری کالج پر غیر امداد یافتہ ٹیچروں کا دھرنا جاری

اعظم گڑھ(ایس این بی) سگڑی تحصیل علاقے کے مالٹاری ڈگری کالج کے غیر امداد یافتہ ٹیچروں کا دھرنا بدھ کو 6 نکاتی مطالبات کی تائید میں بے مدت دھرنا دوسرے دن جاری رہا۔ اطلاع کے مطابق شری گاندھی پی جی کالج مالٹاری کے غیر امداد یافتہ ٹیچر اپنے مختلف مسائل کے سلسلہ میں مالٹاری ڈگری کالج کے مین گیٹ کیمپس میں طے شدہ پروگرام کے تحت دھرنا دوسرے دن دیا۔ اس دوران مالٹاری ڈگری کالج کے غیر امداد یافتہ ٹیچروں کے علاوہ اعظم گڑھ ضلع کے دیگر درجنوں غیر امداد یافتہ ٹیچروں نے دھرنے میں پہنچ کر اپنی تائید کی۔ وہیں غیر امداد یافتہ ٹیچر اکھلیش تیواری نے بتایا کہ غیر امداد یافتہ ٹیچر اپنے مطالبات کی حمایت میں 21 دنوں تک بے مدت دھرنا دیں گے اگر ہمارے مطالبات پورے نہیں ہوئے تو بے مدت دھرنا 21 دن بعد بھوک ہڑتال میں تبدیل ہوجائے گا۔

جونپور مہوتسو کا اختتام، وزیر مملکت کی شرکت

جون پور (ایس این بی) جونپور مہوتسو کا اختتام مختلف ثقافتی پروگرام، اجتماعی شادیاں اور ہونہار طلباء میں لیپ ٹاپ، ٹیبلیٹ اور چیک کی تقسیم، معذور محکمہ کی طرف سے موٹر سائیکلوں کی تقسیم، ثقافتی گانے، حب الوطنی، پنجابی، جنوبی ہند، قبائلی، لوک گیت، فلم اور مکس گانوں پر ثقافتی پروگرام کونسل اسکولوں کے بچوں نے پیش کیا۔ جونپور مہوتسو میں اسٹال لگا کر محکمہ زراعت، باغبانی محکمہ، وزیر اعظم رہائش اسکیم (دیہی)، بنیادی تعلیم محکمہ، پنچایت راج محکمہ اور دیگر محکموں کی جانب سے چلائی جانے والی اسکیموں کے بارے میں تفصیلی معلومات دی گئی۔ اختتامی دن وزیر اعلیٰ اجتماعی شادی کے تحت قانون اور رسم و رواج کے مطابق کل 501 جوڑوں کی شادی ہوئی۔ معذور بہبود محکمہ کے تحت 60 معذوروں میں موٹر سائیکلیں تقسیم کی گئیں۔ اطفال سیوا یوجنا کے تحت 29 بچوں کو ان بچوں کی تعلیم کے لیے لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے جن کے والدین کا کورونا کے دوران بے وقت انتقال ہوگیا تھا۔ بورڈ کے امتحان 2022 میں ہائی اسکول اور انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں نمایاں نمبر حاصل کرنے والے 21 طلباء کو 21 ہزار روپے کا چیک، ٹیبلٹ اور میڈل دے کر نوازا گیا۔ 11 ترقی پسند کسانوں کو وزیر مملکت اور ایم ایل سی نے اعزاز سے نوازا۔ تیسرے دن جانہوی، پریانشی، ششی دویدی، الہا اسمارٹ فوجدار سنگھ، ایکسپریشن ڈانس گروپ وارانسی، کامیڈین سورج ترپاٹھی، ساج بھٹ، آیوش شکلا نے پروگرام پیش کیا۔ ریاستی وزیر مملکت آزادانہ چارج کھیل اور نوجوانوں کی بہبود گریش چندر یادو نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ جونپور مہوتسو کے انعقاد کے ذریعے جونپور کی وراثت کو بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

جہیز قتل معاملہ کے دو ملزمان گرفتار

اعظم گڑھ(ایس این بی) جین پور کوتوالی حلقہ کے تحت راجو پٹی گاؤں میں نوبیاہتا کی پھانسی لگانے سے ہوئی موت کے معاملہ میں والدہ نے تحریر دے کر جین پور کوتوالی میں سات لوگوں کے خلاف مقدمہ قائم کرایا تھا۔ مقدمہ جین پور پولیس نے دو ملزمان کو گرفتار کیا۔ اطلاع کے مطابق اتوار کی صبح آٹھ بجے راجو پٹی گاؤں میں انشو گپتا اہلیہ سجے گپتا کی پھانسی لگانے سے ہوئی موت پر مائکہ سے پہنچے اہل خانہ کے ساتھ والدہ ارملا دیوی ساکن بابو پور مئو نے اپنی بیٹی کو جہیز و بھابھی سے ناجائز تعلقات کے سلسلہ میں استحصال کرنے کا الزام پر جین پور پولیس نے جہیز قتل و جہیز استحصال کا مقدمہ قائم کر کے سات لوگوں کے خلاف مقدمہ قائم کرایا تھا۔ جس میں شوہر سنجے گپتا، ساس بھانا دیوی، دو بڑے بھائی انل گپتا و منوج گپتا اور ان کی بیوی گیتا و میرا اور نند آشا دیوی پر مقدمہ قائم کیا۔ انشو گپتا کی شادی چار ماہ قبل دو دسمبر کو سنجے گپتا سے ہوئی تھی۔ جین پور کوتوال یادویندر پانڈے نے بتایا کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ میں پھانسی لگانے سے موت کی تصدیق ہوئی ہے۔ جس کے بعد سی او سگڑی مہیندر شکلا کی ہدایت پر جین پور کوتوال وایس آئی نے مخبر کی اطلاع پر پولیس فورس کے ساتھ بدھ کو دونوں بھابھی گیتا اہلیہ منوج گپتا اور میرا اہلیہ انل گپتا ساکن راجو پٹی ان کے گھر سے دونوں کو گرفتار کر لیا۔

نیو آکسفورڈ پبلک اسکول کی سالانہ تقریب منائی گئی

پھولپور/اعظم گڑھ (ایس این بی) مقامی قصبہ میں واقع نیو آکسفورڈ پبلک اسکول میں ہر سال کی طرح اس سال بھی اسکول کے احاطے میں سالانہ نتائج کی تقسیم کا پروگرام منعقد کیا گیا۔ پروگرام میں مہمان خصوصی میڈیکل افسر ڈاکٹر محمد عظیم اور ڈاکٹر منوج یادو، میجر جنرل راحیل شریف تھے۔ چندریش یادو، ایچ ڈی ایف سی بینک کے اسسٹنٹ برانچ منیجر لالجیت یادو، رتیش تیواری، ڈاکٹر نونیت برنوال وغیرہ نے اسکول کے بہترین نمبر حاصل کرنے والے طلبہ کو انعامات دے کر نوازا۔ شیلڈ میڈل ملنے کے بعد بچوں کے چہرے خوشی سے کھل اٹھے۔ اس موقع پر مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد عظیم نے کہا کہ بچوں کے اندر موجود تعلیم کے بارے میں والدین کو خود آگاہ کرنے کی ضرورت ہے۔ بچوں کو ٹی وی اور موبائل سے دور رکھیں، بچوں کے اندر علم اور تہذیب اسی وقت پیدا ہو سکتی ہے جب اس کا آغاز اسکول سے ہی کیا جائے۔ طالبات کے مقابلے کم نمبر حاصل کرنے والی طالبات کو کلاس میں زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے تاکہ وہ بھی اپنی کلاس میں بہترین نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ شیوا، ارادھیا، رشی، دھون والون ایوشی ساکشی پرتیوش ساحل چوہان شری جل وبھو یاس راونک آدرش جاگرتی انوپریہ اننیا آدتیہ آیوش اتکرش آیوش سنیم استک کاجل موریہ آدتیہ رانا آدتیہ سنگھ سنگھ شرادھ سنگھ سمدھا سنگھ۔ شریا پانڈے کو مہمان خصوصی کی طرف سے میڈل دیا گیا آخر میں اسکول کی منیجر چندریکا پرتاپ یادو نے کہا کہ علم کے بغیر انسانی علم دونوں ہی ختم ہو سکتے ہیں۔

SUZUKI
Ramadan Mubarak
EMBRACE HAPPINESS WITH SPECIAL OFFERS FROM SUZUKI
BENEFITS UP TO ₹30 000^^^
LOW DOWN PAYMENT OF ₹786*
5% CASH BACK UP TO ₹5 000**
EXCHANGE UP TO ₹7 000***
EXTENDED WARRANTY^
INSURANCE WORTH ₹14 000#
RIDING JACKET WORTH ₹6 999^^
BURGMAN STREET
ACCESS 125
Avenis
GIXXER SF
V-STROM SX
SUZUKI at your Doorstep
Ride safe. Wear a helmet.
POWERED BY pine labs
FEDERAL BANK
Bank of Baroda
one card
For further information, call Suzuki Motorcycle India Private Limited (Toll-Free): 1800-121-7996 (Mon-Sat from 9:00 am to 6:00 pm), or write to us at: customer.queries@suzukimotorcycle.in, visit website: www.suzukimotorcycle.in for T&C or visit nearest Suzuki two-wheeler dealership for more.
AYUSH SUZUKI, PADLEYGANJ ☎ 7706900072, 7706900081